10مارچ2022ء

## کارکنوں کی ترسیلات کی پریس ریلیز

- فروری2022ء میں کارکنوں کی ترسیلات کی مستحکم کارکردگی برقرار رہی اور 2.2ارب ڈالر کی ترسیلات آئیں، اس طرح ماہانہ 2ارب ڈالر سے زائد ترسیلات پہنچنے کا سلسلہ جون2020ء سے جاری ہے۔
- فروری2022ء کے دوران ترسیلات ماہ بہ ماہ 2فیصد بڑھ گئیں حالانکہ اس مہینے ایامِ کار کی تعداد کم ہوتی ہے، جبکہ ترسیلات سال بسال بنیاد پر 2.7فیصد کم ہو گئیں۔
- مالی سال22ء کے پہلے آٹھ ماہ کے دوران ترسیلات مجموعی طور پر 20.1ارب ڈالر تک پہنچ گئیں جو گذشتہ سال کی اسی مدت کی نسبت7.6فیصد زائد ہیں۔
- فروری2022ء کے دوران زیادہ تر رقوم سعودی عرب(558ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات(387ملین ڈالر)، برطانیہ(319ملین ڈالر)اور امریکہ(210ملین ڈالر) سے آئیں۔

****